# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب (8660) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایڈ چار سالہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- اردو ناول میں پاکستانی دور میں بطور صنف ناول نے جو ارتقائی مراحل طے کیے ان پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال 2- پاکستانی افسانوں کے ابتدائی دور میں فسادات کا موضوع کیوں نمایاں دکھائی دیتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 3- ڈراما کیا ہے؟ پاکستانی ڈرامے پر اسلامی اثرات کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال 4- انشائیہ کسے کہتے ہیں؟ آزادی کے بعد اس میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیجیے۔ (20)

سوال 5- قیام پاکستان میں ادب اور ادیب کے سماجی کردار کے حوالے سے آپ کیا جانتے ہیں؟ جواب دیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- پاکستانی دور کی اردو غزل ماقبل غزل سے کس طرح منفرد و ممتاز ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2- جدید اردو نظم کے فروغ میں ن۔م راشد کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال 3- اردو تنقید کے تاریخی پس منظر پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال 4- دینی ادب کی ضرورت اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال 5- درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (10+10=20)

(1) نثری اصناف (2) اردو تنقید پاکستان میں